16/07/2025

09.20 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ **اعجازہ اختر** سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بون اینڈ جوائنٹ اسپتال سرینگر میں 120 بستروں پر مشتمل اِضافی بلاک کا اِفتتاح کیا ۔ وزیر اعلیٰ نے اِفتتاح کے بعد آپریشن تھیٹرز، ریمپ اور وارڈس کا معائینہ کیا اور اسپتال کے عملے اور فیکلٹی ممبران سے صحت کے کلیدی نکات پر بات چیت کی۔ اِس موقعہ پراُنہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ ہسپتال کے ساتھ صرف سرینگر کے عوام کی نہیں بلکہ وادی چناب، پیر پنجال اور کرگل کے مریضوں کی امیدیں وابستہ ہیں ۔ اُنہوں نے کہا کہ جب تک ہمارے سکول، کالج، یونیورسٹیاں اور ہسپتال مضبوط نہیں ہوں گے، ہماری سماجی ترقی مکمل نہیں ہو سکتی۔

ایل جی ملاقات

انڈین چیمبر آف کامرس جموں چیپٹر کے چیئرمین راہل سہائی نے راج بھون سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی ۔ انہوں نے تجارت اور صنعت کے شعبے سے متعلق اہم معاملات ان کی نوٹس میں لائے ۔بی جے پی ضلع صدر رام بن نیلم کمار نے بھی ایل جی سے ملاقات کی۔

جاوید احمد ڈار

کابینہ وزیر جاوید احمد ڈار نے بال تل بیس کیمپ میں صفائی ستھرائی اور حفظان صحت کو نمائش کا افتتاح کیا۔ ڈائریکٹوریٹ آف رورل سینٹیشن Waste to Wealth تقویت بخشنے کی خاطر نے سالڈ ویسٹ منیجمنٹ کے Enterpreneurs میں مقامی Exhibitionجموں کشمیر کے اہتمام اس کئی کار گر ماڈلز کی نمائش کی ۔

جاوید احمد رانا

متعدد وفود اور قانون سازوں نے سول سیکرٹریٹ سرینگر میں کابینہ وزیر جاوید احمد رانا سے ملاقات کرکے عوامی اہمیت کے حامل اہم مسائل ان کی نوٹس میں لائے ۔ اس دوران وفود نے وزیر موصوف سے مطالبہ کیا کہ پینے کے صاف پانی کی فراہمی، شہری سہولیات، سڑکوں

کی تعمیر اور روزگار کے مواقعے فراہم کرنے کےلئے مخصوص اقدامات کئے جائیں۔جاوید احمد رانا نے وفود کو یقین دہانی کرائی کہ عمر عبداللہ کی قیادت والی سرکار عوامی اہمیت کے تمام مسائل کا سد باب کرنے کےلئے کاربند ہے ۔

محمد یوسف تاریگامی

کولگام حلقہ انتخاب کے زرعی شعبے کومستحکم کرنے کی ایک کوشش میں حلقے کے ایم ایل اے محمد یوسف تاریگامی نے ڈائریکٹوریٹ آف ایگریکلچر لال منڈی سرینگر میں ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ انہوں نے زرعی ترقی نیز کولگام کو ماڈل حلقہ میں تبدیل کرنے کےلئے ادارہ جاتی تعاون پر زور دیا ۔

چیف سکریٹری

جموں و کشمیر میں سرکاری ویب سائٹس اور ڈیجیٹل شعبے سے تعلق رکھنے والے کلیدی ڈھانچے کی حفاظت کو یقینی بنانے کےلئے چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے ایک میٹنگ کی صدارت کےلئے لازمی سکیورٹی Devices کی۔ موصوف نے سرکاری کام کاج میں استعمال ہونے والے اور سرکاری مواصلات کےلئے نجی ای میلز کے استعمال کو ترک Installation سافٹ ویئر ڈاکٹر پیوش سنگلا نے مختلف سرکاری محکموں کی IT کرنے پر زور دیا ۔ اس دوران سیکریٹری ویب سائٹس اور اس سے متعلق لازمی اثاثوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کی خاطر کئے جا رہے اقدامات کی وضاحت کی ۔

حادثہ

ڈانگر پورہ اونتی پورہ میں ایک آٹو گاڑی اور ٹرک کے آپس میں ٹکرانے سے ایک فوجی اہلکار سمیت تین افراد جان بحق جبکہ دودیگر زخمی ہو گئے جنہیں مزید علاج و معالجہ کےلئے علاقے میں پیش آئے سڑک حادثے Ponda سرینگر اسپتال منتقل کیا گیا ہے۔ اُدھر ڈوڈا ضلعے کے میں مرنے والوں کی تعدادسات ہو گئی ہے۔ حادثے میں زخمی ہونے والے 17 افراد کا اسپتال میں علاج چل رہا ہے۔

آزاد پارٹی کے صدر اور جموں کشمیر کے سابق وزیر اعلیٰ غلام نبی Progressive ڈیموکریٹک آزاد نے اس حادثے پر شدید رنج والم کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے ۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا آج بارش کے باوجود دونوں راستوں سے جاری ہے۔ پہلگام اور بال تل کے بیس کیمپوں سے ہلکی بارش کے باوجود مزید کئی ہزار یاتریوں کو گھپا کی طرف روانہ

کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق کل شام 7 بجے تک دو لاکھ 34 ہزار سے زیادہ یاتریوں نے پوتر گھپا میں حاضری دے کر شیو□نگم کے درشن کئے ۔ اسی دوران جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج مزید 6ہزار64 یاتر یوں کے ایک اور قافلے کو وادی کی طرف روانہ کیا گیا ۔

ایوارڈ

نئی د□ی کے بھارت منڈپم میں منعقدہ تقریب کے دوران جموں و کشمیر نے نیشنل وَن ڈِسٹرکٹ وَن پروڈکٹ ایوارڈز 2024 میں مسلسل دوسری بارگو□ڈ میڈل حاصل کیا ہے۔جموں و کشمیر کی طرف سے یہ ایوارڈ کمشنر سیکرٹری صنعت و حرفت وکرم جیت سنگھ، اور جموں و کشمیر ٹریڈ پروموشن آرگنائزیشن کے منیجنگ ڈائریکٹرسدرشن کمار نے حاصل کیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 18 اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 24 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ